© rasailojaraid.com



مسئلہ کی جانب مبذول کرائی گئی۔ محترم صدر صاحب نے اس اہم مسئلہ کو نوٹ کیا اور اسکے حل کیلئے متعلقہ حکام سے بات چیت کرانے کی یقین دہانی فرمائی۔

## برما اور بنگلہ دیشی علماء کی دارالعلوم تشریف آوری :

گذشتہ دنوں دارالعلوم میں برما اور بنگلہ دیش کے مختلف علماء تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ کرام سے ملاقاتیں کیں۔ اور دارالعلوم کے مختلف شعبے دیکھے۔ اور خصوصاً دارالعلوم کے جدید ایوان شریعت ہال کی تعریف کی۔ وفد کے ارکان میں جناب مولانا عبدالقدوس مجاہد صاحب رئیس جمعیۃ خالد بن ولید الخیریہ ارکان برما امیر حرکۃ الجہاد الاسلامی، مولانا شیخ نور محمد عباس صاحب نائب رئیس جمعیۃ خالد بن ولید الخیریہ، نائب امیر حرکۃ الجہاد الاسلامی، مولانا محمد صدیق صاحب بن مولانا حسن علی ارکانی مدیر خبر نامہ الرباط ترجمان جمعیۃ خالد بن ولید الخیریہ، محمد جنید اللہ اختر سیکرٹری امور خارجہ پاکستان اور مولانا اعجاز صاحب شامل تھے۔

## سردار میرباز کیتھران کی دارالعلوم آمد :

سابق وفاقی وزیر اور پیپلز پارٹی کے اہم رہنما جناب سردار میرباز کیتھران ۲۴۔ جون ۹۹ء حضرت مہتمم صاحب سے ملنے کیلئے تشریف لائے۔ انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبے دیکھے اور آخر میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ملکی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

## اکوڑہ خٹک میں خوشحال خان خٹک کی یاد میں ایک اہم تقریب :

پشتو زبان کے عظیم آفاقی صاحب سیف و قلم شاعر اور عظیم مفکر و فلسفی اور نامور جرنل خوشحال خان خٹک کی یاد میں ان کے آبائی گاؤں اکوڑہ خٹک میں خوشحال لائبریری میں ایک بڑی تقریب منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے نامور شعراء، ادیب اور کالمسٹ صحافی حضرات نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد جناب مہتاب خان عباسی مہمان خصوصی تھے۔ اس سے قبل آپ نے پہاڑ کے دامن میں واقع مزار خوشحال خان خٹک کے مزار پر عظیم الشان کمپلکس کا افتتاح کیا۔

تقریب میں مولانا حامد الحق حقانی صاحب اور مدیر الحق مولانا راشد الحق سمیع حقانی صاحب کے علاوہ مولانا سید یوسف شاہ صاحب اور مولانا سلمان الحق صاحب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆